© rasailojaraid.com

کتاب: تحقیق الایمان مصنف: شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقادرؒ

قیمت: درج نہیں ناشر:

پیش نظر رسالہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقادرؒ شاگرد رشید شیخ العرب وعجم حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ نے باب الایمان، باب القدر اور فضائل صحابہ کی روشنی میں تالیف کیا ہے۔ ان کے صاحبزادے مولانا مصباح الحق حقانی نے اسے شائع کیا۔ رسالہ میں تینوں موضوعات پر تفصیلی اور تحقیقی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ بعض مقامات میں سوال و جواب کی شکل میں اعتراضات کا دفع کیا گیا ہے۔ علمی ذوق رکھنے والوں کے لئے قابل قدر سرمایہ ہے۔

---

مطبوعات مبین ﷺ ٹرسٹ ناشر: مبین ﷺ ٹرسٹ، پوسٹ بکس نمبر 470 اسلام آباد

عصر حاضر میں مغربی تہذیب وتمدن کو پروان چڑھانے کے لئے کفری طاقتیں پریس میڈیا اور لٹریچر کے ذریعے نوجوان نسل کو دین سے بیگانہ کرنے اور بے راہ روی پر ڈالنے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگانے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ دینی لٹریچر کی ترویج واشاعت کا شعبہ ویسے بھی اہمیت کا حامل ہے لیکن موجودہ حالات میں دینی لٹریچر کی ترویج واشاعت کا کام تیز سے تیز تر کرنے کی ضرورت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ مبین ٹرسٹ ایک عرصے سے دینی لٹریچر کی نشر واشاعت کا کام سرانجام دے رہا ہے۔ خالص دینی جذبے سے یہ ادارہ اپنی مطبوعات عمدہ آرٹ پیپرز اور دلکش ٹائٹلو کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

**جہاد فی سبیل اللہ:** زیر نظر مطبوعات میں جہاد کے موضوع پر شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ کا مقبول عام رسالہ "جہاد فی سبیل اللہ" جو کہ انہوں نے ۶۵ء میں پاکستان پر بھارتی حملے کے دوران لکھا تھا۔ رسالہ ہذا میں جہاد کی تعریف احکام وفضائل اور برکات پر شرح وبسط کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔

**خاتم النبیین کی سنتیں:** دوسرا رسالہ خاتم النبیین کی سنتیں مولفہ حضرت مولانا حکیم محمد اختر دام... کا تھم ہے۔ رسالہ میں رسول اللہ ﷺ کی معاشرتی سنتیں (سفر وحضر کھانے وپینے، اٹھنے اور بیٹھنے، لباس، نکاح، وضو اور نماز کی سنتوں کو) مفصلاً بیان کی گئیں ہیں۔

**سن لو اعلان جنگ:** تیسرا رسالہ "سن لو اعلان جنگ" مولفہ حضرت مولانا عبدالرشید لاوی، اس کتاب میں کتاب وسنت کی روشنی میں حرمت سود اور سود خور کی سزاؤں عمدہ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ درحقیقت سود معاشرے کی لعنت اور ملکی معیشت کی خرابی کی بنیاد ہے۔ اس کا مقصد غریب کو غریب تر اور امیر کو امیر تر بنانا ہے۔ وطن عزیز میں بھی شریعت اپیلیٹ بینچ نے حرمت سود کا فیصلہ گزشتہ سال سنایا تھا۔ افسوس کہ اس فیصلہ کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں کی گئی۔ قرآن کریم کی رو سے جو کوئی سود کا عمل نہ چھوڑے اس کو اللہ اور رسول کے ساتھ براہ راست جنگ میں آنے کی دعوت دی گئی ہے۔ اللہ ہمیں اس ناسور سے چھٹکارا عطا فرمائے۔ (امین)

© rasailojaraid.com